شفیق فاروقی



دار العلوم حقانیہ کے شب و روز

دار العلوم کی لائبریری کے لئے قدیم و جدید اور ضخیم دینی کتب کی خرید

مدیر الحق جناب مولانا سمیع الحق عشرۂ آخرہ رمضان المبارک میں سعودی عرب بغرض عمرہ تشریف لے گئے اور ۸ / شوال تک مصر و عراق ہوتے ہوئے واپس حرمین الشریفین میں قیام کے دوران وہاں کے اہم مکتبوں سے دار العلوم کے کتب خانہ کے لئے آپ نے قدیم و جدید اہم علمی و تاریخی اور تفسیر و حدیث کی معتبر کتابیں خرید فرمائیں۔ تفسیر المراغی ۳۰ جلد۔ جامع البیان ۱۵ جلد۔ زاد المسیر ۹ جلد۔ العقد الثمین ۸ جلد۔ طبقات الکبریٰ ۶ جلد۔ تغلیق التعلیق ۵ جلد۔ کتاب الجرح والتعدیل ۹ جلد۔ اعلام زرکلی ۸ جلد۔ التمہید لابن عبد البر ۱۰ جلد۔ تحفۃ الاشراف لمعرفۃ الاطراف ۱۳ جلد۔ اس نوع کی چھوٹی بڑی اور کئی کئی جلدوں پر مشتمل تمام سینکڑوں کتابیں جن سے کتب خانہ کی افادیت یقیناً بے حد بڑھ گئی ہے۔ گذشتہ ماہ بحمد اللہ یہ کتابیں کتب خانہ دار العلوم کو موصول ہوگئیں۔ دار العلوم کے اکابر و مشائخ، یہاں سے وابستہ علمی و تحقیقی حلقوں اور حقانی برادری اور دار العلوم کے فضلاء اور اساتذہ و مدرسین کے لئے اخذ و مطالعہ اور استفادہ کا بہترین موقعہ مہیا ہوگیا۔ سب کو اس قدیم و جدید اہم اور بہترین علمی خزانوں پر فرحت و مسرت ہوئی۔ کتابوں کا باقاعدہ اندراج شروع ہے۔ کتب خانہ کے لئے نئی الماریاں بھی بنائی جارہی ہیں۔ کتابوں کی کثرت اور وسعت کے پیش نظر نئے کتب خانہ کی دومنزلہ عمارت بھی ناکافی ہو رہی ہے۔

تعمیرات شعبان سے دار الحفظ والتجوید کی تعمیر جدید اور بالائی منزل کے لئے جو تعمیری کام شروع ہوا تھا بحمد اللہ وہ اب مکمل ہوگیا ہے۔ نچلی منزل کی طرح بالائی منزل میں بھی درسگاہیں، دار الاقامہ، استقبالیہ دفتر مطالعہ گاہ۔ بڑا ہال فلش سسٹم، غسل خانے اور چہار طرفہ کشادہ برآمدہ رکھا گیا ہے۔ طلبہ کی کثرت کے پیش نظر دار الحفظ میں مزید تین اساتذہ کا تقرر کیا گیا بالائی منزل میں فی الحال تین نئی کلاسیں بھی جاری کردی گئی ہیں۔

اسی طرح دار العلوم کے شعبہ تعلیم القرآن مڈل سکول کو اب ہائی سکول کا درجہ دے دیا گیا ہے۔ جگہ کی تنگی اور طلبہ کے ازدحام کے پیش نظر ایک خاص نقشہ و منصوبہ بندی سے اس پر دوسری سٹوری (بالائی منزل) کا کام بڑی تیز رفتاری سے جاری ہے۔ تاہم خدا کا شکر ہے کہ تعمیری کام سے تعلیمی کام متاثر نہیں ہوا۔ نچلی منزل